The Absolute Reality
www.quran4u.com

فَلِلَّهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

پس خدا ہی کو ہر طرح کی تعریف (سزاوار) ہے جو آسمانوں کا مالک اور زمین کا مالک (اور) تمام جہان کا پروردگار ہے

# Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندہری)

# الجاثية

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

حم (1)

حٰم

تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (2)

اس کتاب کا اتارا جانا خدائے غالب (اور) دانا (کی طرف) سے ہے

إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِلْمُؤْمِنِينَ (3)

بے شک آسمانوں اور زمین میں ایمان والوں کے لئے (خدا کی قدرت) کی نشانیاں ہیں

وَفِي خَلْقِكُمْ

اور تمہاری پیدائش میں بھی

وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (4)

اور جانوروں میں بھی جن کو وہ پھیلاتا ہے یقین کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں

وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن رِّزْقٍ

اور رات اور دن کے آگے پیچھے آنے جانے میں اور

وہ جو خدا نے آسمان سے (ذریعہ) رزق نازل فرمایا

فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

پھر اس سے زمین کو اس کے مر جانے کے بعد زندہ کیا

وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (5)

اس میں اور ہواؤں کے بدلنے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں

تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۖ

یہ خدا کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو سچائی کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں

فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ (6)

تو یہ خدا اور اسکی آیتوں کے بعد کس بات پر ایمان لائیں گے؟

وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ (7)

ہر جھوٹے گنہگار پر افسوس ہے

يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَىٰ عَلَيْهِ

(کہ) خدا کی آیتیں اس کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کو سن لیتا ہے

ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا ۖ

(مگر) پھر غرور سے ضد کرتا ہے کہ گویا ان کو سنا ہی نہیں

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (8)

سو ایسے شخص کو دکھ دینے والے عذاب کی خوشخبری سنا دو

وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۚ

اور جب ہماری آیتیں اسے معلوم ہوتی ہیں تو ان کی ہنسی اڑاتا ہے

أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ (9)

ایسے لوگوں کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے

مِنْ وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ ۖ

ان کے سامنے دوزخ ہے

وَلَا يُغْنِي عَنْهُمْ مَا كَسَبُوا شَيْئًا

اور جو کام وہ کرتے رہے کچھ بھی ان کے کام نہ آئیں گے

وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ ۖ

اور نہ وہی (کام) آئیں گے جن کو انہوں نے خدا کے سوا معبود بنا رکھا تھا

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ (10)

اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے

هَٰذَا هُدًى ۖ

یہ ہدایت (کی کتاب) ہے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِنْ رِجْزٍ أَلِيمٌ (11)

اور جو لوگ اپنے پروردگار کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں انکو سخت قسم کا درد دینے والا عذاب ہو گا

اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ

خدا ہی تو ہے جس نے دریا کو تمہارے قابو میں کر دیا تاکہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں

وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (12)

اور تاکہ تم اس کے فضل سے (معاش) تلاش کرو اور تاکہ شکر کرو

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِنْهُ ۚ

اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب کو اپنے (حکم) سے تمہارے کام میں لگا دیا

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (13)

جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لئے اس میں (قدرت خدا کی) نشانیاں ہیں

قُلْ لِلَّذِينَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ

اللَّهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (14)

مومنوں سے کہہ دو کہ جو لوگ خدا کے دنوں کی (جو اعمال کے بدلے میں مقرر ہیں)

توقع نہیں رکھتے ان سے درگزر کریں تاکہ وہ ان لوگوں کو ان کے اعمال کا بدلہ دے

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ

جو کوئی نیک عمل کرے گا تو اپنے لئے

وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۖ

اور جو برے کام کرے گا تو ان کا ضرر اسی کو ہو گا

ثُمَّ إِلَى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ (15)

پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر آؤ گے

وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ

اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (ہدایت) اور حکومت اور نبوت بخشی

وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ (16)

اور پاکیزہ چیزیں عطا فرمائیں اور انہیں اہل عالم پر فضیلت دی

وَآتَيْنَاهُمْ بَيِّنَاتٍ مِنَ الْأَمْرِ ۖ

اور ان کو دین کے بارے میں دلیلیں عطا کیں

فَمَا اخْتَلَفُوا إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ

تو انہوں نے جو اختلاف کیا تو علم آچکنے کے بعد آپس کی ضد سے کیا

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (17)

بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن ان میں ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے فیصلہ کرے گا

ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَى شَرِيعَةٍ مِنَ الْأَمْرِ

پھر ہم نے تم کو دین کے کھلے رستے پر (قائم) کر دیا

فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (18)

تو اسی (رستے) پر چلے چلو اور نادانوں کی خواہشوں کے پیچھے نہ چلنا

إِنَّهُمْ لَنْ يُغْنُوا عَنْكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۚ

یہ خدا کے سامنے تمہارے کسی کام نہیں آئیں گے

وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۖ

اور ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں

وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ (19)

اور خدا پرہیز گاروں کا دوست ہے

هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ

یہ (قرآن) لوگوں کے لئے دانائی کی باتیں ہیں

وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ (20)

اور جو یقین رکھتے ہیں ان کے لئے ہدایت ورحمت ہے

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَنْ نَجْعَلَهُمْ

كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً مَحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ

جو لوگ برے کام کرتے ہیں کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کو ان لوگوں جیسا کر

دیں گے جو ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے اور انکی زندگی اور موت یکساں ہوگی

سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ (21)

یہ جو دعوے کرتے ہیں برے ہیں

وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ

اور خدا نے آسمانوں اور زمین کو حکمت سے پیدا کیا ہے اور تاکہ ہر شخص اپنے اعمال کا بدلہ پائے

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (22)

اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ

بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو معبود بنا رکھا ہے

وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ

اور باوجود جاننے بوجھنے کے (گمراہ ہو رہا ہے تو) خدا نے (بھی) اس کو گمراہ کر دیا

وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً

اور اس کے کانوں اور دل پر مہر لگا دی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا

فَمَنْ يَهْدِيهِ مِنْ بَعْدِ اللَّهِ ۚ

اب خدا کے سوا اس کو کون راہ راست پر لا سکتا ہے؟

أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (23)

بھلا تم نصیحت کیوں نہیں پکڑتے؟

وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ

اور کہتے ہیں کہ ہماری زندگی تو صرف دنیا ہی کی ہے کہ (یہیں) مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں تو زمانہ مار دیتا ہے

وَمَا لَهُمْ بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ

اور ان کو اس کا کچھ علم نہیں

إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ (24)

صرف ظن سے کام لیتے ہیں

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَا كَانَ حُجَّتَهُمْ

اور جب ان کے سامنے ہماری کھلی کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان کی یہی حجت ہوتی ہے کہ

إِلَّا أَنْ قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ (25)

اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو (زندہ کر) لا

قُلِ اللَّهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ

کہہ دو کہ خدا ہی تم کو جان بخشتا ہے پھر (وہی) تم کو موت دیتا ہے

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ

پھر تم کو قیامت کے روز جس (کے آنے) میں کچھ شک نہیں تم کو جمع کرے گا

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (26)

لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ

اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہت خدا ہی کی ہے

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ (27)

اور جس روز قیامت برپا ہو گی اس روز اہل باطل خسارے میں پڑ جائیں گے

وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ

اور تم ہر ایک فرقے کو دیکھو گے کہ گھٹنوں کے بل بیٹھا ہو گا

كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا

اور ہر ایک جماعت اپنی کتاب اعمال کی طرف بلائی جائے گی

الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ (28)

جو کچھ تم کرتے رہے ہو آج تم کو اس کا بدلہ دیا جائے گا

هَذَا كِتَابُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۚ

یہ ہماری کتاب تمہارے بارے میں سچ سچ بیان کر دے گی

إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ (29)

جو کچھ تم کیا کرتے تھے ہم لکھواتے جاتے ہیں

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ

تو جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان کا

پروردگار انہیں اپنی رحمت (کے باغ) میں داخل کرے گا

ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ (30)

یہی صریح کامیابی ہے

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ

اور جنہوں نے کفر کیا (ان سے کہا جائے گا کہ)

بھلا ہماری آیتیں تم کو پڑھ کر سنائی نہیں جاتی تھیں؟

فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُجْرِمِينَ (31)

پھر تم نے تکبر کیا اور تم نافرمان لوگ تھے

وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا

اور جب کہا جاتا تھا کہ خدا کا وعدہ سچا ہے اور قیامت میں کچھ شک نہیں

قُلْتُمْ مَا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ

تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے کہ قیامت کیا ہے

إِنْ نَظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ (32)

ہم اس کو محض ظنی خیال کرتے ہیں اور ہمیں یقین نہیں آتا

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا

اور ان کے اعمال کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی

وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (33)

اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اڑاتے تھے وہ ان کو آگھیرے گا

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ

اور کہا جائے گا کہ جس طرح تم نے اس دن کے آنے کو بھلا رکھا

تھا اسی طرح آج ہم تمہیں بھلا دیں گے اور تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے

وَمَا لَكُمْ مِنْ نَاصِرِينَ (34)

اور کوئی تمہارا مددگار نہیں

ذَٰلِكُمْ بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ

یہ اس لئے کہ تم نے خدا کی آیتوں کو مذاق بنا رکھا تھا

اور دنیا کی زندگی نے تم کو دھوکے میں ڈال رکھا تھا

فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ (35)

سو آج یہ لوگ نہ دوزخ سے نکالیں جائیں گے اور نہ ان کی توبہ قبول کی جائے گی

فَلِلَّهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (36)

پس خدا ہی کو ہر طرح کی تعریف (سزاوار) ہے جو آسمانوں

کا مالک اور زمین کا مالک (اور) تمام جہان کا پروردگار ہے

وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ

اور آسمانوں اور زمین میں اسی کے لئے بڑائی ہے

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (37)

اور وہ غالب اور دانا ہے


**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**